دورائے قرآن

جز #12

جوابات

ج1- انسان مذاق اڑاتا ہےاور اللہ تعالیٰ کی طرف سے تاخیر پر انسان کو غفلت میں مبتلا نہی ہونا چاہئیے- اسکی گرفت کسی بھی وقت ہو سکتی ہے-

ج2- سختیوں کا دور گذرنے کے بعد کوئ تکلیف نہی آۓگی- وہ اتراتا ہے اور دوسروں پر غرور اور فخر کا اظہار کرتا ہے-

ج3- میری تبلیغ کا مقصد دولت دنیا اکھٹا کرنا نہی- میں تو یہ کام صرف اللہ کے حکم پر کر رہا ہوں- اور اسی کی رضا کے لئیے اور وہی مجھے اس کا اجر بھی دے گا-

ج4- عمل والے ، نرم دل، اللہ کی جانب جھکنے والے تھے-

ج5- نبی کریم(ص) اور اہل ایمان کو استقامت کی اور حد سے نہ بڑھنے کی تلقین کی گئی ہے-

ج6- صبر کرلیا اور اللہ کی مدد طلب کی-

ج7- قوتِ فیصلہ ، علم

ج8- اگر یوسف (ع) کا کرتا آگے سے پھٹا ہوگا توعورت سچی ہوگی اور اگر پیچھے سے پھٹا ہوگا تو عورت جھوٹی ہوگی-

ج9- پاکدامنی

ج10- عورتیں بھی حسن یوسف کو دیکھ کر مبہوت رہ گئیں تو عزیز مصر کی بیوی نے کہا کہ اب بھی کیا مجھے طعنے دوگی اور اپنے برے ارادے کا اظہار ایک مرتبہ پھر کیا- اور قیدی بنانے کی دھمکی بھی دی-

ج11- حضرت ابراہیم(ع)، حضرت اسحاق(ع)، حضرت یعقوب(ع)-

ج12- سات موٹی تازہ گایوں سے مراد ایسے سات سال جن میں خوب پیداوارہوگی اور سات دبلی پتلی گایوں سے مراد اس کے بر عکس سات سال خشک سالی کے-

سات سبز خوشوں سے مراد زمین خوب پیداوار دے گی اور سات خشک خوشوں سے مراد

QURANNATION.COM

ان سات سالوں میں زمین میں پیداوار نہ ہوگی۔

تدبیر- سات سال کی کاشتکاری کو سنبھال کررکھو اورسات خشک سالوں میں استعمال کرو-

ج13- بادشاہ حضرت یوسف(ع)کی غیر معمولی علم و فضل اور اعلیٰ صلاحیتوں کا اعتراف کرنے پر مجبور ہو گیا اور اپنے دربار میں پیش کرنے کا حکم دیا۔

ج14- ایک قول حضرت یوسف(ع) نے کہا کہ انہوں نے خیانت نہ کی عزیز مصر کے پیٹھ پیچھے زلیخانے کہا کہ اس نے خیانت نہ کی اپنے شوہر عزیز مصرسے۔

QURANNATION.COM